08/06/2025
12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ فاروق احمدسے خبریں سُنئے

وزیراعظم ملاقات

برطانیہ کے وزیر خارجہ Lammy David نے کَل نئی دلّی میں وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے بھارت۔برطانیہ کے درمیان جامع کلیدی شراکت داری میں اضافے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے ٹیکنالوجی سکیورٹی پہل کے تحت جاری اشتراک کا بھی خیر مقدم کیابرطانیہ کے وزیر خارجہ نے تجارت اور سرمایہ کاری کے علاوہ دفاع، سکیورٹی، ٹیکنالوجی، اختراع اور صاف توانائی سمیت اہم کلیدی شعبوں میں مزید تعاون بڑھانے میں برطانیہ کی گہری دلچسپی سے وزیر اعظم کو آگاہ کیا۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آفات سے نمٹنے کے لئے
مو

ثر انتظامات کو مستحکم کرنے کی خاطر کلیدی عالمی ترجیحات پر زور دیا ہے ۔کَل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ڈیزاسٹر ہٖ ریزیلینٹ انفراسٹرکچر سے متعلق بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ایسے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کی ضرورت پر زور دیا جو مستقبل کے تقاضوں کو پورا کرسکے۔ انہوں نے قابل عمل کارروائی کے پروگرام تیار کرنے پر زور دیا تاکہ ترقی پذیر ملکوں کو ضروری فنڈ تک رسائی حاصل ہوسکے۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کی 49 ویں بورڈ میٹنگ منعقد ہوئی ۔ اس میٹنگ میں شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کے تمام ممبران نے شرکت کی ۔ اس بورڈ میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، جل شکتی محکمے کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شالین کابرا ، پولیس سربراہ نلن پربھات کے علاوہ جموں اور کشمیر صوبوں کے صوبائی کمشنروں نے بھی ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی ۔

میٹنگ کے دوران یاترا راستوں پر قائم کئے گئے بیس کیمپوں میں پانی ، بجلی ، ٹرانسپورٹ ، صحت ، ٹیلی کمیونکیشن اور دیگر سہولیات کے بارے میں ایل جی کو جانکاری دی گئی ۔میٹنگ میں یاتری نواس اور ٹرانزٹ کیمپس میں پرساد سیل کارڈس ، رجسٹریشن اور ویرفکیشن نیز دیگر سہولیات کے بارے میں بھی ایل جی کو RFIDکاونٹروں ، آن لائن سروسز ، جانکاری دی گئی ۔ اس موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر نے ہدایت دی کہ تمام تر زیر تعمیر کاموں کو اپنے مقررہ وقت پر مکمل کیا جائے تاکہ یاتریوں کو بہتر سے بہتر بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکے۔ میٹنگ کے دوران یہ بھی جانکاری دی گئی کہ اب تک تقریباً تین لاکھ 31 ہزار یاتریوں نے رجسٹریشن کرائی ہے ۔ واضح رہے کہ یاترا تین جولائی سے شروع ہو رہی ہے ۔

عید

عید الاضحی کے سلسلے میں آج دوسرے روز بھی لوگوں میں جوش و خروش پایا جا رہا ہے ۔ لوگ آج بھی قربانی کا فریضہ انجام دے رہے ہیں اور اپنے عزیز و اقارب کو عید کی مبارک باد پیش کر رہے ہیں ۔

سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات نے جمونو کشمیر کے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔

کرشی سنکلپ ابھیان

وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت پورے ملک میں سرگرمیاں جاری ہیں۔ اس پندرہ روزہ مہم کے تحت جمونو کشمیر میں بھی بیداری کے پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔

NDA

سرکار کے 11 سال مکمل ہوگئے ہیں ۔ ان گیارہ برسوں میں حکومت نے خواتین کی بہبودی اوت انہیں با NDA مرکز میں اختیار بنانے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے ۔ خواتین کو تعلیم ، کارخانہ داری ، ہنر مندی اور سیاست جیسے شعبوں میں با اختیار بنانے کے لئے ناری شکتی پر مبنی پروگرام عملائے گئے ۔

سال 2014 میں لوک سبھا میں خواتین ممبروں کی شرح گیارہ اعشاریہ دو تین فیصد تھی جو 2024 میں بڑھ کر 13 اعشاریہ چھ فیصد ہو گئی ہے ۔ اسی طرح راجیہ سبھا میں خواتین ممبروں کی شرح 12 اعشاریہ سات چھ فیصد سے بڑھ کر 16 اعشاریہ نو پانچ فیصد ہو گئی ہے ۔

ڈے

آج ورلڈ اوشنز ڈے منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد ماحولیات کے توازن اور بقائے حیات میں سمندروں کی اہمیت کو ا جاگر کرنا ہے ۔

بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن بھی ہے ۔ اس بیماری سے متعلق جانکاری عام کرنے Tumor آج ہی برین کے لئے آج عالمی سطح پر کئی پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں ۔

کانفرنس

کا آغاز ہو ہا ہے جو اس مہینے کی 13 تاریخ تک جاری " United Nations Ocean Conference " فرانس میں آج سے رہے گی ۔ کانفرنس میں بھارت کا ایک اعلیٰ سطحی وفد شرکت کر رہا ہے جس کی قیادت ارضیاتی سائنس کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کر رہے ہیں ۔اس کانفرنس میں دنیا کے مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے سائنس دان اور منصوبہ ساز سمندروں کے پائیدار انتظام پر تبادلہ خیال کریں گے ۔